F. 6-4 (Edit) /2014 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 22/12/2014

قومی اردو کونسل میں گڈ گورننس ڈے کا انعقاد

سیمینار اور تقریری مقابلے کے انعامات کا اعلان

نئی دہلی، 22 دسمبر 2014 ، ہندوستان کے سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کے یوم پیدائش 25 دسمبر کے موقعے پر گڈ گورننس ڈے کا انعقاد کیا گیا، جس کے لیے وزارتِ تعلیم نے حکومتی اداروں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کو 22 دسمبر کو گڈ گورننس ڈے منانے کی بابت ایک سرکولر کے ذریعے مشورہ دیا تھا۔

قومی اردو کونسل کے صدر دفتر ’فروغ اردو بھون‘ میں بھی اس موقعے پر ایک سیمینار اور تقریری مقابلے کا انعقاد کیا گیا جس کے لیے جج کے فرائض پروفیسر ڈی کے لوبیال، پروفیسر اختر حسین اور ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی نے انجام دیے۔ اس موقعے پر ڈائرکٹر پروفیسر خواجہ محمد اکرام الدین نے پروگرام کی غرض و غایت پر روشنی ڈالی اور اٹل بہاری واجپئی کو یوم پیدائش کی مبارکباد پیش کی۔ انھوں نے کہا کہ آج کا دن یقیناً ایک اہم دن ہے کہ ہم اپنے سابق وزیر اعظم کا یوم پیدائش منا رہے ہیں اور بہتر انتظامیہ و نئے نظریات کے حوالے سے گفتگو کر رہے ہیں۔ ہم نے بے حد اچھے اور پر مغز مقالے اور تقاریر سنی ہیں اور یقیناً آج کا پروگرام بے حد کامیاب رہا، وائس چیئرمین پدم شری مظفر حسین نے اٹل بہاری کو ان کے یوم پیدائش پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ میری خوش نصیبی ہے کہ میں یہاں آپ لوگوں کے درمیان موجود ہوں اور ہمیں آج اس مبارک موقعے پر گڈ گورننس ڈے منانے کا شرف حاصل ہو رہا ہے۔ زبانیں کسی بھی معاشرے کی تعمیر و ترقی میں مثبت رول ادا کرتی ہیں اور ہماری زبان اردو بھی ملک ہندوستان کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کر رہی ہے۔ ہم سب اردو کے خدمت گزار آج کے دن کو بہتر ڈھنگ سے منا کر حکومت کو ایک خوش آئند پیغام دے سکتے ہیں۔

سیمینار اور تقریری مقابلوں کے لیے تین تین انعامات رکھے گئے تھے جن کے تحت چھ امیدواروں کو انعامات دیے گئے۔ سیمینار مقابلے کے تحت پہلا دوسرا اور تیسرا انعام بالترتیب ڈاکٹر کلیم اللہ، محمد قاسم اور ڈاکٹر عبدالحی کو دیا گیا، جب کہ تقریری مقابلے کے زمرے میں پہلے دوسرے اور تیسرے انعامات کے لیے بالترتیب ڈاکٹر قاسم انصاری، آبگینہ عارف اور محمد طاہر کو منتخب کیا گیا۔

اس موقعے پر کونسل کے سبھی عہدیداران اور اسٹاف موجود تھے۔

(رابطہ عامہ سیل)